© rasailojaraid.com



جناب مصنطر عباسی۔ ایم اے

# جدید زبانوں کا عربی ماخذ

بیت :۔۔۔ ہالینڈ کی زبان "ڈچ" ( DUTCH ) کے تلفظ میں D (د) کلمہ کے آخر میں واقع ہو تو اسکی آواز T (ت) کی ہوتی ہے۔ یوں ڈچ زبان کے کلمہ BED کا تلفظ BET یعنی "بیت" ہے۔ اور BED (بیت) کے معنیٰ ہیں بستر۔ آرام سے رات گذارنے کی جگہ۔ یہ لفظ انگریزی میں BED ( بیڈ ) رومانوی میں PAT جرمن میں BETT یہودی میں BET اور جاپانی میں BETTO ہے۔ عربی میں بَاتَ کے معنیٰ ہیں اس نے رات گذاری اور "بیت" کے معنیٰ ہیں رات گذارنے کی جگہ یعنی گھر، خانہ۔

چھت :۔۔۔ مکان کی چھت کیلئے انگریزی میں ROOF ڈچ زبان میں ROEF ہے۔ اس لفظ کے اصل معنیٰ ہیں سایہ یا سایہ دار چھپر یعنی "شیڈ" ( SHED ) عربی میں ان معنوں کیلئے "راف" "رِدف" اور "ریف" کے کلمات ہیں "ریف" ایسی سرسبز اور شاداب جگہ کو کہتے ہیں جہاں چارہ اور درخت بکثرت ہوں ہر طرف سایہ ہی سایہ ہو اور مال مویشی چرتے اور آرام کرتے ہوں۔

چھت کے لئے ڈچ میں ایک دوسرا کلمہ DAK ہے۔ جو سویڈن اور ناروے کی زبانوں میں TAK ڈنمارک کی زبان "ڈینش" میں TAG پولینڈ کی زبان پولش میں DACH اور یہودی ( YIDDISH ) میں DACH ( داخ ) ہے۔ انگریزی میں جہاز کے عرشے کو DECK کہتے ہیں جو لاطینی کے کلمہ TEGO سے ماخوذ مانا گیا ہے۔ اور اس کے اصل معنیٰ چھپانے اور چھت کے ہیں اور بعید از قیاس نہیں کہ ہمارا اپنا لفظ ڈھکنا اور ڈھانکنا بھی اسی DECK ۔ DAK یا TEGO سے ماخوذ ہو۔ ان سب کلمات کے لئے عربی میں "طاق" کا ماخذ موجود ہے۔ جس سے ہم نے "طاقچہ" کا لفظ بنایا ہے۔ "طاق" دراصل اس ڈاٹ کو کہتے ہیں جو پتھروں یا اینٹوں سے اس طرح بنائی جاتی ہے کہ بغیر ستون یا کسی دوسرے سہارے کے چھت بن جاتی ہے۔ قدیم اور تاریخی عمارتوں کی چھتیں جدید زبانوں کے TAK اور DAK وغیرہ کے "طاق" سے ماخوذ ہونے کی شہادت دے رہی ہیں۔

دیوار :۔۔۔ مکان کے بعد چھت اور چھت کے بعد دیوار کیطرف آیئے۔ ہم اس سے پہلے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



متعدد مثالوں سے اس قاعدے کی وضاحت کر چکے ہیں کہ ۔ر۔ (R) اور ۔ل۔ (L) ایک دوسرے سے بدل جاتے ہیں۔ اور یوں دیوار کو دیوال بھی کہا جاتا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ انگریزوں نے دیوار سے دیوال بناتے وقت "دی" کو کلمہ تعریف یعنی THE سمجھ کر چھوڑ دیا ہو اور صرف "وار" کو "وال" کی صورت میں اپنا لیا ہو۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایرانیوں نے انگریزی کے THE WALL کو ایک کلمہ خیال کر کے THE کو WALL ہی کا جز سمجھ کر اپنا یا ہو اور ۔L۔ (ل) کو ۔R۔ (ر) سے بدل دیا ہو۔ بہر حال اصل کلمہ WALL ہے۔ جس کے معنٰی ہیں دو چیزوں کے درمیان روک ۔ حد۔ یا فاصلہ ۔ فاصلہ۔ روک یا حد بندی کیلئے زمین سے بلند دیوار بھی بنائی جاتی ہے۔ اور زمین کی سطح سے نیچے کھائی یا خندق بھی کھودی جا سکتی ہے۔

انگریزی کا WALL اینگلو ساکسن (ANGLO-SAXON) میں WEALL جرمن میں WALL ڈچ میں WAL ڈینش میں VAL اور لاطینی میں VALLUM ہے۔ انگریزی میں ایک لفظ INTERVAL ہے جس کے معنٰی ہیں درمیانی وقفہ ۔فصل۔ درمیانی عرصہ یا مدت۔ اس لفظ میں WALL کی جگہ VAL استعمال ہوا ہے۔ یورپ کے ماہرین لسانیات نے اس لفظ INTERVAL کو INTER (درمیان) اور WALL (فاصلہ) سے مرکب تسلیم کیا ہے۔ اور یوں انہوں نے WALL کو VAL کی صورت میں مانا ہے۔ اور یہ VAL جس سے WALL بنایا گیا ہے۔ انگریزی میں VALLEY یعنی وادی اور گھاٹی کے معنوں میں موجود ہے۔ اور یہ VALLEY (وادی) فرانسیسی میں VALLEE اور لاطینی میں VALLIS ہے۔ اور یہی "وادی" گاؤں (VILLAGE) میں VILL اور کوئیں (WELL) میں WELL کی صورت اختیار کر گئی ہے۔

اور یہ WALL بمعنی دیوار آیا ہے۔ یہ لفظ ہنگری والوں کی زبان میں FAL کی صورت اختیار کر گیا ہے۔

اور جہاں WALL نے گاؤں (VILLAGE) میں VILL کی صورت اختیار کی ہے، وہاں ہنگرین میں VILLAGE (گاؤں) FALU بن گیا ہے۔

حاصل کلام یہ کہ WALL (دیوار) VALLEY (وادی) اور VILLAGE (گاؤں) وغیرہ درجنوں زبانوں کے سینکڑوں کلمات میں وال ۔ ویل۔ اور ول وغیرہ کے کلمات ہیں جو عربی کے وَیْل سے ماخوذ ہیں۔ جس کے معنٰی ہیں وادی۔ گڑھا۔ کھڈ۔ وغیرہ۔

کنواں :۔ انگریزی میں WELL کے معنٰی ہیں کنوآں۔ اینگلو ساکسن میں یہ لفظ WELL اور WELLA ڈچ میں WEL ۔جرمن میں WELE اور لاطینی میں VOLVO ہے۔ اس کے اصل معنٰی ہیں چشمہ۔ یہ تمام کلمات جیسا کہ دیوار کے عنوان تلے عرض کیا جا چکا ہے۔ عربی کے "ویل" سے ماخوذ ہیں۔ کنواں۔ عربی میں بِئرٌ ہے۔ جو عبرانی میں BER (بئر) ہے عبرانی میں BER کی جمع BEROT (بیروت) ہے اور لبنان کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دارالحکومت بیروت یعنی کنوؤں والی سرزمین میں یا چشموں والی زمین اسی عبرانی کے BER سے ماخوذ ہے، جو عربی میں بِئرٌ ہے۔

آیئے! "بیروت" کے ساتھ ساتھ "لبنان" پر بھی غور کرلیں۔ عرب لوگ ہر سفید چیز کو انڈے سے رنگ میں مشابہت کی وجہ سے ابیض کہتے ہیں۔ بیضہ انڈا ہے، بیاض انڈے کا رنگ یعنی سفیدی ہے۔ روشنی مجازاً بیاض ہے۔ عربوں کے چچازاد بھائی اسرائیلی جو دریا پار چلے جانے کے باعث عبری یا عبرانی کہلاتے ہیں۔ ہر سفید چیز کو دودھ سے رنگ میں مشابہت کی وجہ سے LABAN (لابن) کہتے ہیں۔ عبرانی زبان میں عربی کی طرح دودھ کو لَبَنٌ یا لَابَنٌ کہتے ہیں۔ اور اس طرح ہے "لبنان" کے معنیٰ ہیں سفید رنگ کے لوگوں کا وطن جس طرح کہ سوڈان کے معنیٰ ہیں کالے لوگوں کا وطن۔

حاصل کلام یہ کہ: بیروت (لبنان کا دارالحکومت) عربی کے بِئرٌ سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں (کنواں) اور "لبنان" کی وادی کا نام لَبَنٌ سے لیا گیا ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں دودھ اور "سوڈان" کا لفظ عربی سے۔ سودا۔ یا اسود (کالا) سے ماخوذ ہے۔

بات مکان اور اس کے مختلف حصوں کی ہو رہی تھی۔ دیوار کے WALL سے کنواں WELL اور اس سے عربی کا بِئر اور اس سے بیروت اور لبنان اور سوڈان کے کلمات ارتجالاً زیر بحث آگئے ہیں ورنہ ارادہ یہ تھا کہ آج کی بات چیت مکان اور اس کے اجزاء تک محدود رہے گی۔

فرش: —— چھت اور دیوار کے بعد آیئے فرش پر غور کریں۔ فرش کے لئے انگریزی میں FLOOR۔ اینگلو سا کسن میں FLOR جرمن میں FLUR اور ڈچ میں VLOER ہے۔ یہ تمام کلمات یونانی زبان (GREEK) کے کلمہ PLATYS کے ہم ماخذ ہیں جو انگریزی FLAT ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں ہموار، برابر، چورس اور میدان، عربی میں یہ لفظ "فلاۃ" ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں ہموار میدان، فراخ اور وسیع صحرا۔

عربی کے "فلاۃ" (ہموار میدان یا صحرا) سے ایک دوسرا لفظ یاد آیا یعنی "فلات" اس کی ایک صورت "فلاط" ہے۔ گویا "ت" اور "ط" دونوں سے لکھا اور پڑھا جاتا ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں چپکے سے۔ اچانک پکڑ لینا۔ گویا چھاپا مارنا۔ یہ لفظ یورپ میں جاکر معنوں کے اعتبار سے بدل گیا ہے۔ اور FLEET کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں چپکے سے کھسک جانا۔ بھاگ جانا، غائب ہو جانا۔

بہت سے الفاظ ایسے ہیں کہ ایک زبان سے دوسری زبان میں گئے تو ان کے معنیٰ الٹ گئے ہیں۔ مثلاً عربی میں سَقَفٌ کے معنیٰ ہیں چھت اور یہی کلمہ سواحلی زبان میں گیا تو وہاں SAKAFU کے معنیٰ ہیں فرش پوش فارسی میں پوشا ہے۔ تو سپر انٹو میں MUSO [illegible] ہے۔ انگریزی اور ڈچ میں MAN آدمی۔ مرد ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو اسپرانتو میں آدمی کا ایک جز یعنی ہاتھ ہے۔ فارسی میں "مرد" ہے تو عربی میں "اَمرَدْ" لڑکا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ گویا "مرد" کے شروع میں "اَ" نافیہ لگا دیا گیا ہے۔ ہاں تو بات یہ ہو رہی تھی کہ عربی میں فلات یا فلاط یورپ میں FLEET بن گیا ہے۔ اور معنیٰ الٹ گئے ہیں۔ "فلات" کے معنیٰ ہیں چپکے سے پکڑ لینا۔ اور FLEET کے معنیٰ ہیں چپکے سے بھاگ جانا۔

انگریزی کا FLEET (بھاگ جانا) جو FLIT اور FLOAT کا ہم ماخذ ہے۔ اسے براہ راست عربی سے ماخوذ مانا جائے تو عربی میں "فلت" اس کا ماخذ معلوم ہوتا ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں تیز رفتاری، چھوڑ دینا یا چھوٹ جانا۔

میدان :— FLAT اور FLEET یا FLOAT سے آپ کا ذہن ضرور FIELD کے بارے میں سوچنے لگا ہوگا۔ FIELD جو جرمن میں FELD ہے، ڈچ میں VELD اور ڈینش میں FELT ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں میدان، کھیت، زمین۔ عربی میں اسکی صورت "بَلَدْ" ہے۔ یورپ والوں نے "ب" (B) کو "ف" (F) سے بدل لیا ہے۔ اور ڈچ میں بجائے ف (F) کے "وَ" (V) استعمال ہوا ہے۔

خوراک :— FLEET سے ایک دوسرا لفظ یاد آیا۔ FEED یعنی خوراک یا خوراک دیکر پرورش کرنا۔ اس کا ماخذ اینگلو سیکسن زبان کا لفظ FODA ہے FOOD۔ اسی ماخذ سے ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں خوراک، ڈینش میں یہ لفظ FODE ہے۔ اور سویڈش میں یہ لفظ FODA ہے۔ ان سب کا عربی ماخذ۔ فیدٔ۔ اور فوددو ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں خوراک تیار کرنا، گوشت بھوننا، روٹی پکانا یا پکی ہوئی روٹی۔

قدم :— FEED کے ساتھ FEET پر بھی ایک نظر ڈالتے چلیں۔ یہ تو سب جانتے ہیں کہ FEET FOOT کی جمع ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں قدم۔ پیر۔ سویڈن کی زبان میں یہ لفظ FOT۔ ڈینش میں FOD ڈچ میں VOET اور ناروین میں FOT ہے۔ اس کے ماخذ کے بارے میں اہل یورپ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ لفظ سنسکرت کے PADA سے لیا گیا ہے جس کے معنیٰ ہیں جانا۔ چلے جانا۔ گذر جانا۔ عربی میں یہ لفظ "فوت" اور "فات" ہے۔ جس کے یہی معنیٰ ہیں یعنی چلے جانا۔ گذر جانا۔

بلڈنگ :— مکان۔ عمارت کو بلڈنگ (BUILDING) بھی کہتے ہیں۔ یہ لفظ انگریزی میں BUILD سے بنا ہے۔ اسکی ایک صورت BUILT تلفظ بِلْڈ اور بلٹ ہے۔ یورپ والوں نے صاف لفظوں میں اعتراف کیا ہے کہ انہیں اس لفظ کے ماخذ کے بارے میں کچھ علم نہیں۔ یہ لفظ اینگلو سیکسن میں BOLD ہے۔ ڈینش میں BOL اور آئس لینڈ کی زبان BUA ہے۔ عربی میں "بلط" اور "بلاط" کے معنیٰ ہیں۔ مکان کے فرش کو پتھروں سے تعمیر کرنا۔ ہموار زمین پر چبوترا بنانا یا چبوترہ اور چوک۔

© rasailojaraid.com